

امریکی حکومت کی پاکستان کیلئے اعانت

توانائی

امریکی حکومت پاکستان میں بڑے پیمانے پر توانائی کے منصوبوں کیلئے رقم فراہم کررہی ہے جن کے ذریعے 2013ء تک تقریباً 20 لاکھ گھرانوں کو بجلی میسر آئے گی۔

بجلی معاشی ترقی کیلئے ضروری ہے۔ یہ تجارت کو رواں دواں رکھتی ہے، زرعی و معاشی ترقی کے علاوہ روزگار و اقتصادی مواقع پیدا کرنے میں معاون ثابت ہوتی ہے۔

پاکستان کو مستقل توانائی بحران کا سامنا ہے جس کی وجہ سے شہری علاقوں میں یومیہ 14 گھنٹے اور دیہی علاقوں میں 22 گھنٹے تک لوڈ شیڈنگ ہوتی ہے۔ جس سے تمام پاکستانی متاثر ہوتے ہیں۔ وہ کاروبار نہیں کر پاتے۔ اسکولوں میں تعلیمی سرگرمیاں متاثر ہوتی ہیں، ہسپتالوں میں مریضوں کی زندگیوں کو خطرات درپیش رہتے ہیں اور اہم حکومتی خدمات میں خلل پڑتا ہے۔

امریکہ حکومت پاکستان کے ساتھ مل کر پاکستان کے لوگوں کے روشن مستقبل کیلئے کام کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ پاکستان کو توانائی کے اس بحران سے چھٹکارہ دلانا ہماری اولین ترجیحات میں سے ایک ہے۔ دونوں ممالک مل کر بڑے پیمانے پر توانائی کے منصوبوں پر کام کررہے ہیں جس کے ذریعے 2013 تک 900 میگاواٹ بجلی قومی گرڈ میں شامل ہو جائے گی۔ یہ بجلی 20 لاکھ گھروں کو روشن کرنے کیلئے کافی ہوگی۔

تربیلا ڈیم کی مُرمّت:

پاکستان اور امریکہ تربیلا پاور سٹیشن کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے کام کررہے ہیں۔ یہ ڈیم 1970 کی دھائی میں امریکی حکومت کے مالی تعاون سے خیبر پختونخوا میں تعمیر کیا گیا تھا۔ اس اپ گریڈیشن کی بدولت 128 میگاواٹ اضافی بجلی پیدا ہوگی جو کہ دو لاکھ 90 ہزار گھرانوں کی ضروریات پوری کرنے کیلئے کافی ہوگی۔

تربیلا ڈیم

کلیدی منصُوبے:

- تربیلا ڈیم کے بجلی گھر کو جدید خطوط پر استوار کرنا
- منگلا ڈیم کے جنریٹرز کو جدید بنانا
- گدو، جام شورو اور مظفر گڑھ بجلی گھروں کو اپ گریڈ کرنا
- ست پارہ اور گومل زام ڈیموں کی تعمیر

امریکی حکومت کی پاکستان کیلئے اعانت

منگلا ڈیم کی مُرمّت:

امیریکہ اور حکومت پاکستان کی جانب سے منگلا ڈیم کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے کام جاری ہے۔ یہ ڈیم امریکی حکومت کی امداد سے 1970 کی دھائی میں آزاد جموں و کشمیر میں تعمیر ہوا۔ منگلا ڈیم کی تزئین و آرائش سے 100 میگاواٹ اضافی بجلی حاصل ہو سکے گی جو کہ 224000 گھرانوں کی ضروریات پوری کرنے کیلئے کافی ہے۔

کوئلے سے چلنے والے بجلی گھروں کی مُرمّت:

پاکستان اور امریکہ کی جانب سے سندھ میں جامشورو اور گدو جبکہ پنجاب میں مظفر گڑھ پاور پلانٹس کی مرمت جاری ہے۔ یہ منصوبے قومی گرڈ میں 700 میگاواٹ بجلی کا اضافہ کریں گے۔ یہ بجلی 15 لاکھ گھرانوں کیلئے کافی ہوگی۔

گومل زام ڈیم کی تعمیر:

امریکہ گومل زام ڈیم کی تعمیر کیلئے رقم فراہم کر رہا ہے۔ یہ ڈیم 17.4 میگاواٹ بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت کا حامل ہوگا، جس سے 39000 گھروں کو بجلی میسر ہوگی۔



گومل زام ڈیم

سَت پارہ ڈیم کی تعمیر:

امریکہ ست پارہ ڈیم کی تعمیر کیلئے رقم فراہم کر رہا ہے۔ اس منصوبے کی بدولت سترہ اعشاریہ سات میگاواٹ بجلی پیدا ہو سکے گی جس سے گلگت بلتستان کے شہر سکردو میں 40000 گھرانوں کو بجلی میسر ہوگی۔

پاکستان اور امریکہ مل کر پاکستان میں توانائی کے بحران کے خاتمے کیلئے روزانہ مل جل کر کام کر رہے ہیں۔ امریکی مالی تعاون سے شروع کیے جانے والے ان توانائی کے بڑے منصوبوں کی بدولت 2013ء تک تقریباً 20 لاکھ گھرانوں کو بجلی میسر ہوگی۔

پاور پلانٹ کی مُرمّت

توانائی کے شعبے میں امداد ان کئی امریکی اقدامات میں سے ایک ہے جو کہ پاکستان کے لوگوں کے روشن مستقبل کیلئے کیے گئے ہیں۔

تعلیم، معاشی ترقی اور صحت عامہ کے شعبوں میں پاکستانی عوام کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی کے حوالے سے شروع کردہ پاک امریکہ منصوبوں بارے مزید جاننے کیلئے درج ذیل ویب سائٹ ملاحظہ کیجیے:

http://transition.usaid.gov/pk/ یا ہمیں

اس پتہ پر ای میل کریں: uspakassistance@state.gov